**28.07.2024**

**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں اسلم بیگ

**Music**

..............................................................................

☆ بھارت کی سرکردہ نشانے باز منو بھاکر نے پیرس اولمپکس میں بھارت کیلئے پہلا تمغہ حاصل کرکے، جیت کا سلسلہ شروع کر دیا ہے۔ انھوں نے خواتین کے 10 میٹر ایئر پسٹل مقابلے میں کانسے کا تمغہ جیتا ہے۔

☆ صدر جمہوریہ، نائب صدر جمہوریہ اور وزیر اعظم نے انھیں نشانے بازی میں اولمپک تمغہ جیتنے والی پہلی بھارتی خاتون بننے پر مبارکباد دی ہے۔

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے اشارہ دیا ہے کہ کھادی اور ہتھ کرگھہ مصنوعات کی فروخت میں اضافے سے، روزگار کے نئے موقعے پیدا ہو رہے ہیں۔ وزیر اعظم نے آکاشوانی پر 'من کی بات' پروگرام میں اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے لوگوں سے کہا کہ وہ پیرس اولمپکس میں حصہ لینے والے بھارتی کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کریں۔

☆ امتحانات منعقد کرانے والی قومی ایجنسی نے، CUET-UG امتحان کے نتائج کا اعلان کر دیا ہے۔

☆ اور...... کرکٹ میں دامبولہ میں میزبان سری لنکا نے بھارت کو 8 وکٹ سے ہرا کر خواتین کا ٹی ٹوئنٹی ایشیا کپ جیت لیا ہے۔

..............................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

***Paris Olympics***

بھارت کی سرکردہ نشانے باز منو بھاکر نے آج پیرس میں موسمِ گرما کے اولمپکس میں ملک کیلئے پہلا تمغہ حاصل کیا۔ منو نے خواتین کے 10 میٹر ایئر پسٹل کے فائنل مقابلے میں کانسے کا تمغہ حاصل کیا ہے۔ یہ کارنامہ انجام دے کر منو، ایسی پہلی بھارتی خاتون بن گئی ہیں، جنہوں نے نشانے بازی میں اولمپک میڈل حاصل کیا ہے۔

مقابلے کے فوراً بعد میڈیا سے بات کرتے ہوئے منو نے کہا کہ انھوں نے اِس سلسلے میں بہت محنت کی اور انھیں بہت اچھا لگ رہا ہے۔

S/B: Manu Bhakar

اسی دوران Ramita جندل نے خواتین کے 10 میٹر ایئر رائفلز کے فائنل کیلئے کوالیفائی کرلیا ہے۔
ارجن ببوتا نے بھی مردوں کے 10 میٹر ایئر رائفلز کے فائنل میں جگہ بنا لی ہے۔
بیڈمنٹن میں اولمپک میں دو بار تمغہ جیتنے والی پی وی سندھو نے مالدیپ کی فاطمہ نباحہ کو خواتین کے سنگلز کے پہلے میچ میں ایکس-نو، ایکس-چھ سے ہرایا۔ مردوں کے سنگلز میں ایچ ایس پرینوائے کا مقابلہ آج دیر گئے گروپ مرحلے میں جرمنی کے Fabian Roth سے ہوگا۔
مکّے بازی میں نکہت زریں، خواتین کے 50 کلو گرام زمرے کے تحت پری کوارٹر فائنلز میں پہنچ گئی ہیں۔
تیر اندازی میں دیپکا کماری، انکیتا بھکت اور بھجن کور کی خواتین کی ٹیم، کوارٹر فائنل میں عمدہ کارکردگی کا مظاہرہ کرنے کیلئے تیار ہے۔
ٹیبل ٹینس میں منیکا بَترا اور Sreeja اکولا، خواتین کے سنگلز کے 32 ویں راؤنڈ میں داخل ہوگئی ہیں۔
البتہ سرکردہ کھلاڑی Achanta Sharath کمل، مردوں کے سنگلز کے مقابلے سے باہر ہوگئے ہیں۔ انھیں Slovenia کے Deni Kozul کے ہاتھوں دو-چار سے شکست ہوئی۔ x

## Prez PM Manu Bhakar

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اور وزیر اعظم نریندر مودی نے منو بھاکر کو بھارت کے، تمغے جیتنے کے سلسلے کا آغاز کرنے پر مبارکباد دی ہے۔ انھوں نے پیرس اولمپکس 2024 کے 10 میٹر ایئر پسٹل مقابلے میں یہ تمغہ حاصل کیا ہے۔صدر جمہوریہ نے کہا کہ وہ پہلی بھارتی خاتون ہیں جنھوں نے نشانے بازی میں اولمپک تمغہ جیتا ہے۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ بھارت کو منو بھاکر پر فخر ہے، کیونکہ اُن کی اِس جیت سے بہت سے کھلاڑیوں، خاص طور پر خواتین کو تحریک حاصل ہوگی۔ صدر جمہوریہ نے انھیں نیک خواہشات پیش کیں کہ وہ مستقبل میں اور زیادہ اونچائی پر پہنچیں گی۔
وزیر اعظم نریندر مودی نے آج منو بھاکر سے فون پر بات کی اور انھیں تمغہ جیتنے پر مبارکباد دی۔
اس سے پہلے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ یہ بھارت کیلئے ایک تاریخی تمغہ ہے۔ انھوں نے کہا کہ یہ ایک شاندار کامیابی ہے اور یہ کامیابی اور بھی خاص ہوجاتی ہے کیونکہ بھارت کیلئے نشانے بازی میں وہ پہلی خاتون ہیں جنھوں نے یہ تمغہ حاصل کیا ہے۔ x

## Rev. PM Mann Ki Baat

وزیر اعظم نریندر مودی نے زور دے کر کہا ہے کہ ملک میں کھادی اور ہتھ کرگھا مصنوعات کی فروخت میں اضافے سے روزگار کے نئے مواقع پیدا ہو رہے ہیں۔ آج آکاشوانی پر من کی بات پروگرام کے اپنے 112ویں نشریے میں ملک سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم مودی نے کہا کہ کھادی ولیج انڈسٹری کا مجموعی کاروبار پہلی مرتبہ ڈیڑھ لاکھ کروڑ روپئے سے تجاوز کر گیا ہے، جو 400 فیصد کا اضافہ ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ بہت سے لوگ جو پہلے کھادی مصنوعات کا استعمال نہیں کرتے تھے، اب وہ فخر کے ساتھ کھادی کے کپڑے پہن رہے ہیں۔ انھوں نے لوگوں سے زور دے کر کہا کہ جن لوگوں نے کھادی کے کپڑے نہیں خریدے ہیں وہ اِس سال سے خریدنا شروع

کردیں۔انھوں نے مزید کہا کہ اگست کا مہینہ آنے والا ہے اور کھادی خریدنے کیلئے اس سے بہتر وقت نہیں ہوسکتا۔

ہتھ کرگھا صنعت کا ذکر کرتے ہوئے جناب مودی نے ہریانہ کے روہتک ضلع کی اُن ڈھائی سو خواتین کی ستائش کی، جو UNNATI Self Help Group میں شامل ہوئی ہیں اور بلاک پرنٹنگ اور رنگائی میں تربیت حاصل کی ہے۔ملک میں ہتھ کرگھے کا قومی دن اگلے مہینے کی سات تاریخ کو منایا جائے گا۔ وزیر اعظم نے اِس بات پر خوشی کا اظہار کیا کہ ملک کے مختلف حصوں کے کاریگر ہتھ کرگھا کو مقبولِ عام بنانے میں لگے ہوئے ہیں۔

جناب مودی نے لوگوں پر زور دیا کہ وہ ہیش ٹیگ مائی پروڈکٹ مائی پرائیڈ کے ساتھ اپنی مقامی اشیاء اور سامان کو سوشل میڈیا پر اَپ لوڈ کریں۔ ملک میں منشیات کی لعنت کا ذکر کرتے ہوئے جناب مودی نے اس نمٹنے کیلئے حکومت کے سرگرم اقدامات کو اجاگر کیا۔ انھوں نے کہا کہ منشیات کی لعنت کے خلاف لڑائی میں ایک قدم کے طور پر حکومت نے ایک خصوصی پہل MANAS کا آغاز کیا ہے۔

وزیر اعظم نریندر مودی نے اِس بات پر فخر کا اظہار کیا ہے کہ آسام کے چرائی دیو میدام کو یونیسکو کی عالمی وراثت کے مقامات کی فہرست میں شامل کیا گیا ہے۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ یہ مذکورہ فہرست میں شامل کیا جانے والا بھارت کا 43واں مقام ہے جبکہ شمال مشرقی خطے سے ثقافتی عالمی ورثے کا یہ ایسا پہلا مقام ہے۔ انھوں نے لوگوں سے زور دے کر کہا کہ وہ اپنے مستقبل کے سفر کے منصوبوں میں چرائی دیو میدام کو شامل کریں۔

کل دنیا بھر میں شیروں سے متعلق بین الاقوامی دن منایا جائے گا۔ وزیر اعظم نے کہا کہ شیر اور انسان کے درمیان ٹکراؤ کی صورت میں شیروں کے تحفظ کیلئے غیرمعمولی کوششیں کی جارہی ہیں۔ جناب مودی نے کہا کہ ’’کلہاڑی بند پنچایت‘‘ عوامی شمولیت کی اِس طرح کی ایک کوشش ہے۔ کلہاڑی بند پنچایت مہم کا آغاز راجستھان کے Ranthambore سے ہوا تھا۔ اس پہل کے تحت مقامی برادریوں نے حلف لیا تھا کہ وہ درختوں کو کاٹنے کیلئے جنگل نہیں جائیں گے تاکہ شیروں کیلئے بہتر ماحولیات قائم کیا جاسکے۔انھوں نے اس بات پر مسرت کا اظہار کیا کہ بڑی تعداد میں لوگ ’ایک پیڑ ماں کے نام‘ مہم کے ساتھ منسلک ہو رہے ہیں۔ انھوں نے لوگوں سے کہا کہ وہ اپنی ماں کے نام پر درخت لگائے جانے کی اِس مہم میں شامل ہوں اور سیلفی لیں اور اِسے سوشل میڈیا پر ڈالیں۔

پیرس میں جاری اولمپک کھیلوں کا ذکر کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ اولمپک کھیل بھارتی کھلاڑیوں کو عالمی منظر نامے پر ترنگا لہرانے کا موقع فراہم کرتے ہیں۔ انہوں نے لوگوں سے کہا کہ وہ Cheer For Bharat کے ساتھ کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کریں۔

S/B Cheer for Bharat

وزیر اعظم نے لوگوں سے کہا کہ اب جبکہ 15 اگست کا دن نزدیک آرہا ہے وہ ’’ہر گھر ترنگا‘‘ مہم میں شامل ہوں۔ جناب مودی نے لوگوں کی اِس بات کیلئے حوصلہ افزائی کی کہ وہ ’’ہر گھرترنگا ڈاٹ کوم‘‘ پرترنگے کے ساتھ اپنی سیلفی اَپ لوڈ کریں۔

**_PM BJP CM Meet_**

بی جے پی کے اقتدار والی ریاستوں کے وزراء اعلیٰ اور نائب وزراء اعلیٰ کی دو روزہ کانفرنس، جسے مکھیہ منتری

پریشد کہا جاتا ہے، آج نئی دلّی میں شروع ہوئی۔ کانفرنس کے پہلے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا کہ جب مرکزی اور ریاستی حکومتیں، عوامی بہبود کے تئیں مل جل کر کوششیں اور کام کرتی ہیں تو ایک ترقی یافتہ ملک کا مقصد، یقیناً حاصل ہوتا ہے۔ BJP کی اچھی حکمرانی کے Cell کے رابطہ کار وِنے سہسرا بُدھے نے یہ بات ایک پریس بیان میں کہی ہے۔ انھوں نے کہا کہ وزیر اعظم نے کہا ہے کہ ایک ترقی یافتہ بھارت کے تصور میں وراثت کے فروغ کی خاص اہمیت ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ ہمیں اِس پہلو کو ہمیشہ مدنظر رکھنا چاہیے۔

وزیر اعظم کے ساتھ BJP سربراہ جے پی نڈا، وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ، وزیر داخلہ امت شاہ اور BJP کے دیگر سینئر رہنماؤں نے میٹنگ میں شرکت کی۔ x

## NTA CUET UG

امتحانات منعقد کرانے والی قومی ایجنسی NTA نے مشترکہ یونیورسٹی داخلہ امتحان CUET-UG-2024 کے نتیجوں کا اعلان کردیا ہے۔ 14 لاکھ 99 ہزار سے زیادہ رجسٹرڈ امیدواروں کیلئے داخلہ امتحان کرایا گیا تھا۔ ان امیدواروں نے تعلیمی سال 2024-2025 کیلئے 283 مرکزی، ریاستی اور دیگر حصہ لینے والی یونیورسٹیوں اور اداروں کیلئے درخواستیں دی تھیں۔ یہ امتحان بیرونِ ملک کے 15 شہروں سمیت 379 شہروں میں واقع مختلف مراکز پر 15 اور 29 مئی کے درمیان کرائے گئے تھے۔

## SC Lok Adalat

سپریم کورٹ کل سے اگلے مہینے کی 3 تاریخ تک ایک خصوصی لوک عدالت ہفتے کا اہتمام کرے گی۔ یہ پروگرام عدالت عالیہ کی 75ویں سالگرہ کے موقع پر منعقد کیا جارہا ہے۔ آکاشوانی نیوز کے ساتھ خصوصی بات چیت میں جسٹس Hrishikesh Roy نے کہا کہ لوک عدالتیں لوگوں کو تیزی سے اور کم خرچ میں قابل رسائی اور بہتر انصاف فراہم کرتی ہیں۔x

## *Bihar Police Whatsapp No*

بہار پولیس، عام لوگوں کی جرائم اور دیگر معاملات کے بارے میں شکایات حاصل کرنے کیلئے جلد ہی ایک واٹس‌پ نمبر شروع کرے گی۔ آج تین نئے فوجداری قوانین پر پٹنہ میں منعقدہ ایک ورکشاپ سے خطاب کرتے ہوئے بہار کے DGP آر ایس بھٹّی نے کہا کہ پولیس عام لوگوں کے مفاد میں اِس سلسلے میں کام کر رہی ہے۔ انھوں نے کہا کہ اِس سہولت کا آغاز کرکے، پولیس خود کو اور زیادہ شفاف اور عوام دوست بنائے گی۔x

## *Delhi LG Student Death*

قومی راجدھانی کے ایک کوچنگ سینٹر کے بیسمنٹ میں پانی بھر جانے سے تین سول سروسز امیدواروں کی موت ہوجانے پر دلّی کے لیفٹیننٹ گورنر جناب وی کے Saxena نے رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ سوشل میڈیا پر ایک سلسلے

وار پوسٹ میں لیفٹیننٹ گورنر نے اس حادثے کو افسوناک اور ناقابل قبول قرار دیا ہے۔ انھوں نے ڈویژنل کمشنر سے کہا ہے کہ وہ منگل تک اِس افسوناک واقعے کی تفصیلی رپورٹ پیش کریں۔ جناب سکسینہ نے کہا کہ گزشتہ چند دنوں میں مبینہ طور پر بجلی کا کرنٹ لگنے سے 7 شہری ہلاک ہوچکے ہیں۔ انھوں نے کہا ہے کہ یہ واقعات متعلقہ انتظامیہ اور حکام کی کوتاہی اور ناکامی کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔ x

## Indian Navy

مشرقی بحریہ کے کمانڈر، وائس ایڈ مرل راجیش Pendharkar ، بھارتی بحریہ میں Scorpene کلاس کی تیسری آبدوز Ins Karanj دیکھنے گئے۔ ایک سوشل میڈیا پیغام میں بھارتی بحریہ نے کہا کہ جناب Pendharkar نے مشرقی ساحل پر کامیاب تعیناتی کی تکمیل پر عملے کے ساتھ بات چیت کی۔ مشرقی بحریہ کے کمانڈر نے سن رائز کمانڈ کے تمام آپریشنل کاموں کی تکمیل میں ان کی شاندار کارکردگی کے لئے عملے کی ستائش کی۔ xx

## Jaishankar Blinken

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کل QUAD کے وزراء خارجہ کی میٹنگ سے قبل آج ٹوکیو میں امریکہ کے وزیر خارجہ Antony Blinken سے ملاقات کی۔ دونوں وزیروں نے علاقائی اور عالمی امور پر وسیع تر تبادلۂ خیال کیا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ بھارت-امریکہ باہمی ایجنڈہ لگاتار آگے بڑھ رہا ہے اور وہ QUAD کے وزراء خارجہ کی میٹنگ میں شرکت کے منتظر ہیں۔

آئندہ کل کی میٹنگ میں بھارت، جاپان، امریکہ اور آسٹریلیا کے وزراء خارجہ، پچھلے سال ستمبر میں منعقدہ نیویارک میٹنگ کے دوران کیے گئے تبادلۂ خیال کو آگے بڑھائیں گے اور بھارت- بحر الکاہل خطے میں تازہ حالات و واقعات پرایک دوسرے کو اپنے نظریات سے واقف کرائیں گے۔ نیز وہ QUAD اقدامات اور ورکنگ گروپوں کی پیش رفت کا جائزہ لیں گے۔ وزراء، علاقائی اور بین الاقوامی معاملات پر بات چیت کریں گے اور ایک آزاد اور کھلے بھارت- بحر الکاہل خطے کے مشترکہ خاکے کا مقصد حاصل کرنے کیلئے اشتراک کی رہنمائی کریں گے۔ x

## MNDF Helicopter

مالدیپ کی نیشنل ڈیفینس فورس نے مریضوں کو ایک جگہ سے دوسری جگہ لانے اور لے جانے کے لئے بھارت کی طرف سے عطیہ کردہ ہیلی کاپٹروں اور ڈورنیئر طیاروں کا استعمال دوبارہ شروع کردیا ہے۔ یہ بھارتی ہیلی کاپٹر، بھارتی فوج اور MNDF فوج کی طرف سے مشترکہ طور پرچلائے جاتے ہیں اور مالدیپ میں اس کا استعمال مریضوں کو لانے لے جانے کے لئے ہوتاہے۔ صدر Muizzu کے عہدہ سنبھالنے کے بعد مالدیپ نے طیارے چلانے والے فوجی عملے کو واپس بلانے کے لئے بھارت پر زور دیا تھا۔

کل مقامی میڈیا کے ذریعہ دئے گئے اپنے ایک پیغام میں MNDF نے کہا کہ مریضوں کی منتقلی کا کام بھارتی ہیلی کاپٹروں اور ڈورنیئر طیاروں کو چلانے والے سویلین عملے کے ساتھ شروع ہوگیا ہے۔x

**Women Asia Cup**

خواتین کے ایشیا کپ کرکٹ میں آج دامبولا میں کھیلے گئے فائنل مقابلے میں سری لنکا کی خواتین کرکٹ ٹیم نے بھارت کو آٹھ وکٹ سے ہرا کر اپنا پہلا ایشیا کپ کا خطاب جیت لیا ہے۔ بھارت کے 166 رن کے نشانے کو میزبان ٹیم نے 18 اوورس 4 گیند میں دو وکٹ کے نقصان پر حاصل کرلیا۔ ٹاس جیت کر پہلے بلے بازی کرتے ہوئے مقررہ 20 اوورس میں بھارت نے چھ وکٹ کے نقصان پر 165 رن بنائے تھے۔ Harshita Madavi کو میچ کا بہترین کھلاڑی چنا گیا۔

اِسی دوران، بھارت کی مردوں کی کرکٹ ٹیم اور میزبان سری لنکا کے بیچ دوسرا بین الاقوامی ٹی-ٹوینٹی مقابلہ Pallekele اسٹیڈیم میں کھلا جارہا ہے۔ بھارت نے ٹاس جیت کر پہلے گیندبازی کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

سری لنکا نے مقررہ 20 اوورس میں نو وکٹ کے نقصان پر 161 رن بنائے ہیں اور بھارت کو جیت کیلئے 162 رن کا نشانہ دیا ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆